القرآن الکریم

مسمّٰی باسم تاریخی ۱۳۳۰ھ

# کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

ترجمہ: اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا قادری علیہ الرحمۃ

## پارہ (۲۳)

إن الدين عند الله الإسلام
الاسلامی
AL ISLAMI.NET
الاسلامی.نیٹ
www.AL ISLAMI.NET

وَمَا لِيَ لَآ أَعۡبُدُ ٱلَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ ﴿٢٢﴾

اور مجھے کیا ہے کہ اسکی بندگی نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تمہیں پلٹنا ہے ف۲

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً إِن يُرِدۡنِ ٱلرَّحۡمَٰنُ بِضُرّٖ لَّا تُغۡنِ عَنِّي

کیا اللہ کے سوا اور خدا ٹھہراؤں ف۳ کہ اگر رحمٰن میرا کچھ برا چاہے تو اُن کی سفارش

شَفَٰعَتُهُمۡ شَيۡـٔٗا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾ إِنِّيٓ إِذٗا لَّفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾ إِنِّيٓ

میرے کچھ کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے بچا سکیں بے شک جب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں ف۴ مقرر میں

ءَامَنتُ بِرَبِّكُمۡ فَٱسۡمَعُونِ ﴿٢٥﴾ قِيلَ ٱدۡخُلِ ٱلۡجَنَّةَۖ قَالَ يَٰلَيۡتَ قَوۡمِي

تمہارے رب پر ایمان لایا تو میری سنو ف۵ اُس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو ف۶ کہا کسی طرح میری قوم

يَعۡلَمُونَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلۡمُكۡرَمِينَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ أَنزَلۡنَا

جانتی جیسی میرے رب نے میری مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں کیا ف۷ اور ہم نے

عَلَىٰ قَوۡمِهِۦ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِن جُندٖ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾ إِن

اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اُتارا ف۸ اور نہ ہمیں وہاں کوئی لشکر اتارنا تھا وہ

كَانَتۡ إِلَّا صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ فَإِذَا هُمۡ خَٰمِدُونَ ﴿٢٩﴾ يَٰحَسۡرَةً عَلَى ٱلۡعِبَادِۚ

تو بس ایک ہی چیخ تھی جبھی وہ بجھ کر رہ گئے ف۹ اور کہا گیا کہ ہائے افسوس ان بندوں پر

مَا يَأۡتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿٣٠﴾ أَلَمۡ يَرَوۡاْ كَمۡ

ف۱۰ جب اُنکے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اس سے ٹھٹھا ہی کرتے ہیں ف۱۱ کیا اُنھوں نے نہ دیکھا

أَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُم مِّنَ ٱلۡقُرُونِ أَنَّهُمۡ إِلَيۡهِمۡ لَا يَرۡجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَإِن كُلّٞ

ہم نے اُن سے پہلے کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب اُن کی طرف پلٹنے والے نہیں ف۱۲ اور جتنے بھی ہیں

ع ۲ لَّمَّا جَمِيعٞ لَّدَيۡنَا مُحۡضَرُونَ ﴿٣٢﴾ وَءَايَةٞ لَّهُمُ ٱلۡأَرۡضُ ٱلۡمَيۡتَةُ أَحۡيَيۡنَٰهَا

سب کے سب ہمارے حضور حاضر لائے جائیں گے ف۱۳ اور ان کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے ف۱۴ ہم نے اُسے زندہ کیا

وَأَخۡرَجۡنَا مِنۡهَا حَبّٗا فَمِنۡهُ يَأۡكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلۡنَا فِيهَا جَنَّٰتٖ مِّن نَّخِيلٖ

ف۱۵ اور پھر اُس سے اناج نکالا تو اس میں سے کھاتے ہیں اور ہم نے اُس میں ف۱۶ باغ بنائے کھجوروں اور

وَأَعۡنَٰبٖ وَفَجَّرۡنَا فِيهَا مِنَ ٱلۡعُيُونِ ﴿٣٤﴾ لِيَأۡكُلُواْ مِن ثَمَرِهِۦ وَمَا عَمِلَتۡهُ

اور انگوروں کے اور ہم نے اس میں کچھ چشمے بہائے کہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور یہ اُن کے ہاتھ کے



https://alislami.net

اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

بنائے نہیں تو کیا حق نہ مانیں گے ف۱ پاکی ہے اُسے جس نے سب جوڑے بنائے ف۲

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ

ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے ف۳ اور خود اُن سے ف۴ اور اُن چیزوں سے جنکی اُنہیں خبر نہیں ف۵ اور اُنکے لیے

لَّهُمُ الَّيْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ

ایک نشانی ف۶ رات ہے ہم اُس پر سے دن کھینچ لیتے ہیں ف۷ جبھی وہ اندھیرے میں ہیں اور سورج چلتا ہے

تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ

اپنے ایک ٹھہراؤ کیلیے ف۸ یہ حکم ہے زبردست علم والے کا ف۹ اور چاند کیلیے ہم نے

مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ

منزلیں مقرر کیں ف۱۰ یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال ف۱۱ سورج کو نہیں پہنچتا

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾

کہ چاند کو پکڑ لے ف۱۲ اور نہ رات دن پر سبقت لیجائے ف۱۳ اور ہر ایک ایک گھیرے میں پیر رہا ہے

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ

اور اُنکے لیے ایک نشانی یہ ہے کہ اُنہیں اُنکے بزرگوں کی پیٹھ میں ہمنے بھری کشتی میں سوار کیا ف۱۴ اور اُنکے لیے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں

مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

جن پر سوار ہوتے ہیں اور ہم چاہیں تو اُنہیں ڈبو دیں ف۱۵ تو نہ کوئی اُنکی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور نہ وہ

يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا

بچائے جائیں مگر ہماری طرف کی رحمت اور ایک وقت تک برتنے دینا ف۱۶ اور جب اُنسے فرمایا جاتا ہے ڈرو

مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

تم اُس سے جو تمہارے سامنے ہے ف۱۷ اور جو تمہارے پیچھے آنیوالا ہے ف۱۸ اس اُمید پر کہ تم پر مہر ہو تو منہ پھیر لیتے ہیں اور جب کبھی اُنکے رب کی نشانیوں سے

مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا

کوئی نشانی اُن کے پاس آتی ہے تو اُس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں ف۱۹ اور جب اُن سے فرمایا جائے اللہ کے دیے میں سے

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ

کچھ اُسکی راہ میں خرچ کرو تو کافر مسلمانوں کیلیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اُسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا



https://alislami.net

اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

لو کھلا دیتا ف۱ تم تو نہیں مگر کھلی گمراہی میں اور کہتے ہیں کب آئے گا

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ

یہ وعدہ ف۲ اگر تم سچے ہو ف۳ راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ کی ف۴ کہ انھیں آلیگی جب وہ دنیا کے

وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

جھگڑے میں پھنسے ہونگے ف۵ تو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر پلٹ کر

يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ

جائیں ف۶ اور پھونکا جائیگا صور ف۷ جبھی وہ قبروں سے ف۸ اپنے رب کی طرف دوڑتے

يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ

چلیں گے کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں سوتے سے جگا دیا ف۹ یہ ہے وہ جسکا رحمٰن نے وعدہ

الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

دیا تھا اور رسولوں نے حق فرمایا ف۱۰ وہ تو نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ ف۱۱ جبھی وہ

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ

سب کے سب ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے ف۱۲ تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہوگا اور تمھیں بدلا نہ ملے گا

اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾

مگر اپنے کیے کا بے شک جنت والے آج دل کے بہلاووں میں چین کرتے ہیں ف۱۳

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

وہ اور انکی بیبیاں سایوں میں ہیں تختوں پر تکیہ لگائے انکے لیے اس میں میوہ ہے

وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ

اور انکے لیے ہے اس میں جو مانگیں ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا ف۱۴ اور آج الگ پھٹ جاؤ

اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ

اے مجرمو ف۱۵ اے اولاد آدم کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا ف۱۶ کہ شیطان کو نہ پوجنا ف۱۷

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾

بیشک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے اور میری بندگی کرنا ف۱۸ یہ سیدھی راہ ہے

ع ٣ ١٨ ٢
وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل



https://alislami.net

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ

اور بے شک اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمھیں عقل نہ تھی ف۱ یہ ہے وہ جہنم

الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾ الْيَوْمَ نَخْتِمُ

جس کا تم سے وعدہ تھا آج اسی میں جاؤ بدلا اپنے کفر کا آج ہم اُنکے مونہوں پر

عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾

مہر کردیں گے ف۲ اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کرینگے اور انکے پاؤں اُن کے کیے کی گواہی دینگے ف۳

وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾

اور اگر ہم چاہتے تو انکی آنکھیں مٹا دیتے ف۴ پھر لپک کر رستہ کی طرف جاتے تو اُنھیں کچھ نہ سوجھتا ف۵

وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾ ع ۱۷

اور اگر ہم چاہتے تو اُنکے گھر بیٹھے اُنکی صورتیں بدل دیتے ف۶ نہ آگے بڑھ سکتے نہ پیچھے لوٹتے ف۷

وَمَن نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا

اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اُسے پیدائش میں الٹا پھیریں ف۸ تو کیا سمجھتے نہیں ف۹ اور ہم نے انکو شعر کہنا نہ سکھایا ف۱۰

يَنبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِينٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنذِرَ مَن كَانَ حَيًّا وَ

اور نہ وہ اُنکی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں مگر نصیحت اور روشن قرآن ف۱۱ کہ اُسے ڈرائے جو زندہ ہو ف۱۲ اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿٧٠﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا

کافروں پر بات ثابت ہو جائے ف۱۳ اور کیا اُنھوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے

أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَ

انکے لیے پیدا کیے تو یہ اُنکے مالک ہیں اور اُنھیں اُنکے لیے نرم کر دیا ف۱۴ تو کسی پر سوار ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں اور

لَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ

انکے لیے اُنمیں کئی طرح کے نفع ف۱۵ اور پینے کی چیزیں ہیں ف۱۶ تو کیا شکر نہ کرینگے ف۱۷ اور اُنھوں نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرا لیے ف۱۸

آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾

کہ شاید اُنکی مدد ہو ف۱۹ وہ اُن کی مدد نہیں کرسکتے ف۲۰ اور وہ انکے لشکر سب گرفتار حاضر آئینگے

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ

ف۲۱ تو تم اُنکی بات کا غم نہ کرو ف۲۲ بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں ف۲۳ اور کیا

وقف لازم



https://alislami.net

الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ

آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اُسے پانی کی بوند سے بنایا جبھی وہ صریح جھگڑالو ہے ف۱ اور ہمارے

لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ

لیے کہاوت کہتا ہے ف۲ اور اپنی پیدائش بھول گیا ف۳ بولا ایسا کون ہے کہ ہڈیوں کو زندہ کرے جب وہ بالکل گل گئیں تم فرماؤ

يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ الَّذِيْ

اُنھیں وہ زندہ کریگا جس نے پہلی بار اُنھیں بنایا اور اُسے ہر پیدائش کا علم ہے ف۴ جس نے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾

تمھارے لیے ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا کی جبھی تم اس سے سلگاتے ہو ف۵

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ

اور کیا وہ جس نے آسمان اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا ف۶

مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْــــًٔا

کیوں نہیں ف۷ اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے ف۸

اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ

تو اُس سے فرمائے ہوجا وہ فوراً ہو جاتی ہے ف۹ تو پاکی ہے اُسے جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے

شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾

اور اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے ف۱۰

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَانِ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ صٰفّٰت مکی ہے (اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱۱) اس میں ۱۸۲ آیتیں اور ۵ رکوع ہیں

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

قسم اُنکی کہ باقاعدہ صف باندھیں ف۱۲ پھر اُنکی کہ جھڑک کر چلائیں ف۱۳ پھر ان جماعتوں کی کہ قرآن پڑھیں بیشک تمھارا معبود

لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿٥﴾ اِنَّا زَيَّنَّا

ضرور ایک ہے مالک آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے اور مالک مشرقوں کا ف۱۴ بیشک ہم نے

السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِۨ الْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿٧﴾

نیچے کے آسمان کو ف۱۵ تاروں کے سنگار سے آراستہ کیا اور نگاہ رکھنے کو ہر شیطان سرکش سے ف۱۶



https://alislami.net

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ⑧ دُحُوْرًا وَّ
عالم بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے ف۱ اور اُن پر ہر طرف سے مار پھینک ہوتی ہے ف۲ اُنہیں
لَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ⑨ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ⑩
بھگانے کو اور اُن کے لیے ف۳ ہمیشہ کا عذاب۔ مگر جو ایک آدھ بار اُچک لے چلا ف۴ تو روشن انگارا اُس کے پیچھے لگا ف۵
فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ
تو اُن سے پوچھو ف۶ کیا اُن کی پیدائش زیادہ مضبوط ہے یا ہماری اور مخلوق آسمانوں اور فرشتوں وغیرہ کی ف۷ بیشک ہم نے اُن کو چپکتی مٹی سے بنایا
لَّازِبٍ ⑪ بَلْ عَجِبْتَ وَ يَسْخَرُوْنَ ۪ ⑫ وَ اِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۪ ⑬ وَ
ف۸ بلکہ تمہیں اچنبھا آیا ف۹ اور وہ ہنسی کرتے ہیں ف۱۰ اور سمجھائے نہیں سمجھتے اور
اِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۪ ⑭ وَ قَالُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ ⑮ ءَاِذَا
جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں ف۱۱ ٹھٹھا کرتے ہیں اور کہتے ہیں یہ تو نہیں مگر کھلا جادو کیا جب
مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ ⑯ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ ⑰ قُلْ
ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے کیا ہم ضرور اُٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی ف۱۲ تم
نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۚ ⑱ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ⑲
فرماؤ ہاں یوں کہ ذلیل ہو کے تو وہ ف۱۳ تو ایک ہی جھڑک ہے ف۱۴ جبھی وہ ف۱۵ دیکھنے لگیں گے
وَ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑳ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ
اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی اُن سے کہا جائے گا یہ انصاف کا دن ہے ف۱۶ یہ ہے وہ فیصلہ کا دن جسے تم
بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۠ ㉑ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ اَزْوَاجَهُمْ وَ مَا كَانُوْا ع الربع ۵
جھٹلاتے تھے ف۱۷ ہانکو ظالموں اور اُن کے جوڑوں کو ف۱۸ اور جو کچھ وہ
يَعْبُدُوْنَ ۙ ㉒ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ㉓ وَقِفُوْهُمْ
پوجتے تھے اللہ کے سوا اُن سب کو ہانکو راہ دوزخ کی طرف اور اُنہیں ٹھہراؤ
اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ۙ ㉔ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ㉕ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ㉖
ف۱۹ اُن سے پوچھنا ہے ف۲۰ تمہیں کیا ہوا ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے ف۲۱ بلکہ وہ آج گردن ڈالے ہیں ف۲۲
وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ㉗ قَالُوْۤا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ
اور اُن میں ایک نے دوسرے کی طرف منہ کیا آپس میں پوچھتے ہوئے بولے ف۲۳ تم ہمارے



https://alislami.net

تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾ قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا

دہنی طرف سے بہکانے آتے تھے ف۱ جواب دیں گے تم خود ہی ایمان نہ رکھتے تھے ف۲ اور ہمارا تم پر

عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا

کچھ قابو نہ تھا ف۳ بلکہ تم سرکش لوگ تھے تو ثابت ہوگئی ہم پر ہمارے رب کی بات ف۴

إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾ فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي

ہمیں ضرور چکھنا ہے ف۵ تو ہم نے تمہیں گمراہ کیا کہ ہم خود گمراہ تھے تو اس دن ف۶ وہ سب کے سب

الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا

عذاب میں شریک ہیں ف۷ مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی کرتے ہیں بیشک جب ان سے

إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا

کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں تو اونچی کھینچتے تھے ف۸ اور کہتے تھے کیا ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں

آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَجْنُونٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٧﴾

ایک دیوانہ شاعر کے کہنے سے ف۹ بلکہ وہ تو حق لائے ہیں اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق فرمائی

إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾

ف۱۰ بیشک تمہیں ضرور دکھ کی مار چکھنی ہے تو تمہیں بدلہ نہ ملے گا مگر اپنے کیے کا ف۱۱

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَعْلُومٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ

مگر جو اللہ کے چنے ہوئے بندے ہیں ف۱۲ ان کے لیے وہ روزی ہے جو ہمارے علم میں ہے میوے ف۱۳

وَهُمْ مُكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ

اور ان کی عزت ہوگی چین کے باغوں میں تختوں پر ہوں گے آمنے سامنے ف۱۴ ان پر

عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ ﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَ

دورہ ہوگا نگاہ کے سامنے بہتی شراب کے جام کا ف۱۵ سفید رنگ ف۱۶ پینے والوں کے لیے لذت ف۱۷ نہ اس میں خمار ہے ف۱۸

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ

اور نہ اس سے ان کا سر پھرے ف۱۹ اور ان کے پاس ہیں جو شوہروں کے سوا دوسری طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیں گی ف۲۰ بڑی آنکھوں والیاں گویا وہ انڈے

مَكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٥٠﴾ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ

ہیں پوشیدہ رکھے ہوئے ف۲۱ تو ان میں ف۲۲ ایک نے دوسرے کی طرف منہ کیا پوچھتے ہوئے ف۲۳ ان میں سے کہنے والا بولا میرا



https://alislami.net

إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَإِذَا مِتْنَا

ایک ہمنشین تھا ف۱ مجھ سے کہا کرتا کیا تم اسے سچ مانتے ہو ف۲ کیا جب ہم مر کر مٹی

وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنْتُمْ مُطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾

اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں جزا سزا دی جائے گی ف۳ کہا کیا تم جھانک کر دیکھو گے ف۴

فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا

پھر جھانکا تو اسے بیچ بھڑکتی آگ میں دیکھا ف۵ کہا خدا کی قسم قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کردے ف۶ اور میرا

نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا

رب فضل نہ کرے ف۷ تو ضرور میں بھی پکڑ کر حاضر کیا جاتا ف۸ تو کیا ہمیں مرنا نہیں مگر ہماری پہلی موت

الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ

ف۹ اور ہمیں عذاب نہ ہوگا ف۱۰ بے شک یہی بڑی کامیابی ہے ایسی ہی بات کیلئے

هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا

کامیوں کو کام کرنا چاہیے تو یہ مہمانی بھلی ف۱۱ یا تھوہر کا پیڑ ف۱۲ بیشک

جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾

ہم نے اُسے ظالموں کی جانچ کیا ہے ف۱۳ بے شک وہ ایک پیڑ ہے کہ جہنم کی جڑ میں نکلتا ہے ف۱۴

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾ فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ

اس کا شگوفہ جیسے دیوؤں کے سر ف۱۵ پھر بیشک وہ اس میں سے کھائیں گے ف۱۶ پھر اس سے

مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ

پیٹ بھریں گے پھر بیشک اُن کے لیے اس پر کھولتے پانی کی ملونی ہے ف۱۷ پھر اُن کی بازگشت ضرور

لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ

بھڑکتی آگ کی طرف ہے ف۱۸ بیشک اُنھوں نے اپنے باپ دادا گمراہ پائے تو وہ اُنھیں کے نشان قدم پر

يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

دوڑے جاتے ہیں ف۱۹ اور بیشک اُن سے پہلے بہت سے اگلے گمراہ ہوئے ف۲۰ اور بیشک ہم نے اُن میں

فِيهِمْ مُنْذِرِينَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِينَ ﴿٧٣﴾ إِلَّا عِبَادَ

ڈر سنانے والے بھیجے ف۲۱ تو دیکھو ڈرائے گیوں کا کیسا انجام ہوا ف۲۲ مگر



https://alislami.net

ع ٢ ٥٣ ٦

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾

الله کے چنے ہوئے بندے ف۱ اور بیشک ہمیں نوح نے پکارا ف۲ تو ہم کیا ہی اچھے قبول فرمانے والے ف۳

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ

اور ہم نے اُسے اور اُسکے گھر والوں کو بڑی تکلیف سے نجات دی اور ہم نے اُسی کی اولاد

الْبٰقِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾

باقی رکھی ف۴ اور ہم نے پچھلوں میں اس کی تعریف باقی رکھی ف۵ نوح پر سلام ہو جہان والوں میں ف۶

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ

بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کو بیشک وہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل الایمان بندوں میں ہے پھر ہم نے

وقف لازم

اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ

دوسروں کو ڈبو دیا ف۷ اور بیشک اسی کے گروہ سے ابراہیم ہے ف۸ جبکہ اپنے رب کے پاس

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَئِفْكًا

حاضر ہوا غیر سے سلامت دل لیکر ف۹ جب اُس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا ف۱۰ تم کیا پوجتے ہو کیا بہتان سے

اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً

اللہ کے سوا اور خدا چاہتے ہو تو تمہارا کیا گمان ہے رب العالمین پر ف۱۱ پھر اُس نے ایک نگاہ

فِي النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى

ستاروں کو دیکھا ف۱۲ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں ف۱۳ تو وہ اس پر پیٹھ دیکر پھر گئے ف۱۴ پھر اُن کے

اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا

خداؤں کی طرف چھپ کر چلا تو کہا کیا تم نہیں کھاتے ف۱۵ تمہیں کیا ہوا کہ نہیں بولتے ف۱۶ تو لوگوں کی نظر بچا کر اُنہیں دہنے ہاتھ سے

بِالْيَمِيْنِ ﴿٩٣﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿٩٤﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَ

مارنے لگا ف۱۷ تو کافر اس کی طرف جلدی کرتے آئے ف۱۸ فرمایا کیا اپنے ہاتھ کے تراشوں کو پوجتے ہو اور

اللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿٩٧﴾

اللہ نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے اعمال کو ف۱۹ بولے اسکے لیے ایک عمارت چنو ف۲۰ پھر اسے بھڑکتی آگ میں ڈال دو

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ

تو اُنہوں نے اس پر داؤں چلنا چاہا ہم نے اُنہیں نیچا دکھایا ف۲۱ اور کہا میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں ف۲۲



https://alislami.net

سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾

اب وہ مجھے راہ دیگا ف۱ الٰہی مجھے لائق اولاد دے تو ہم نے اُسے خوشخبری سُنائی ایک عقلمند لڑکے کی

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ إِنِّيٓ أَرٰى فِي الْمَنَامِ أَنِّيٓ أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ

پھر جب وہ اس کے ساتھ کام کے قابل ہو گیا کہا اے میرے بیٹے میں نے خواب دیکھا میں تجھے ذبح کرتا ہوں ف۲ اب تو دیکھ

مَاذَا تَرٰى ۚ قَالَ يٰٓأَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِيٓ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

تیری کیا رائے ہے ف۳ کہا اے میرے باپ کیجیے جس بات کا آپ کو حکم ہوتا ہے خدا نے چاہا تو قریب ہے کہ آپ مجھے

الصّٰبِرِينَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّآ أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنٰهُ أَنْ يّٰٓإِبْرٰهِيمُ ﴿١٠٤﴾

صابر پائیں گے تو جب ان دونوں نے ہمارے حکم پر گردن رکھی اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹایا اسوقت کا حال نہ پوچھ ف۴ اور ہم نے اُسے ندا فرمائی کہ اے ابراہیم

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا

بیشک تو نے خواب سچ کر دکھایا ف۵ ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کو بیشک یہ روشن جانچ تھی

الْمُبِينُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِينَ ﴿١٠٨﴾ سَلٰمٌ

اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اُسکے فدیہ میں دیکر اسے بچا لیا ف۶ اور ہم نے پچھلوں میں اُسکی تعریف باقی رکھی سلام ہو

عَلٰٓى إِبْرٰهِيمَ ﴿١٠٩﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١١﴾

ابراہیم پر ف۷ ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کو بے شک وہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل الایمان بندوں میں ہیں

وَبَشَّرْنٰهُ بِإِسْحٰقَ نَبِيًّا مِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى إِسْحٰقَ ۗ وَ

اور ہم نے اُسے خوشخبری دی اسحٰق کی کہ غیب کی خبریں بتانے والا نبی ہمارے قربِ خاص کے سزاواروں میں ف۸ اور ہم نے برکت اُتاری اُس پر اور اسحٰق پر ف۹ اور

مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِنَفْسِهِ مُبِينٌ ﴿١١٣﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوسٰى ع ۳

اُنکی اولاد میں کوئی اچھا کام کرنیوالا ف۱۰ اور کوئی اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والا ف۱۱ اور بے شک ہم نے موسیٰ

وَهٰرُونَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوا

اور ہارون پر احسان فرمایا ف۱۲ اور اُنھیں اور اُنکی قوم ف۱۳ کو بڑی سختی سے نجات بخشی ف۱۴ اور اُنکی ہم نے مدد فرمائی ف۱۵ تو وہی

هُمُ الْغٰلِبِينَ ﴿١١٦﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِينَ ﴿١١٧﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرٰطَ

غالب ہوئے ف۱۶ اور ہم نے ان دونوں کو روشن کتاب عطا فرمائی ف۱۷ اور اُن کو سیدھی

الْمُسْتَقِيمَ ﴿١١٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِينَ ﴿١١٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿١٢٠﴾

راہ دکھائی اور پچھلوں میں اُن کی تعریف باقی رکھی سلام ہو موسیٰ اور ہارون پر



https://alislami.net

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۲۱﴾ إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۲۲﴾ وَإِنَّ

بیشک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کو بیشک وہ دونوں ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل الایمان بندوں میں ہیں اور بے شک

إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۲۳﴾ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿۱۲۴﴾ أَتَدْعُونَ

الیاس پیغمبروں سے ہے ف۱ جب اُس نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں ف۲ کیا بعل کو پوجتے ہو

بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ ﴿۱۲۵﴾ اللَّهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ آبَائِكُمُ

ف۳ اور چھوڑتے ہو سب سے اچھا پیدا کرنے والے اللہ کو جو رب ہے تمہارا اور تمہارے اگلے باپ دادا کا

الْأَوَّلِينَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿۱۲۷﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿۱۲۸﴾

ف۴ پھر انھوں نے اُسے جھٹلایا تو وہ ضرور پکڑے آئینگے ف۵ مگر اللہ کے چُنے ہوئے بندے ف۶

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿۱۲۹﴾ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ﴿۱۳۰﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ

اور ہم نے پچھلوں میں اس کی ثنا باقی رکھی سلام ہو الیاس پر بے شک ہم ایسا ہی صلہ

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۳۱﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۳۲﴾ وَإِنَّ لُوطًا

دیتے ہیں نیکوں کو بیشک وہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے کامل الایمان بندوں میں ہے اور بے شک لوط

لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۳۳﴾ إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿۱۳۴﴾ إِلَّا عَجُوزًا فِي

پیغمبروں میں ہے جبکہ ہم نے اُسے اور اسکے سب گھر والوں کو نجات بخشی مگر ایک بڑھیا کہ رہجانیوالوں میں

الْغَابِرِينَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿۱۳۶﴾ وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِمْ مُصْبِحِينَ ﴿۱۳۷﴾

ہوئی ف۷ پھر دوسروں کو ہم نے ہلاک فرمادیا ف۸ اور بے شک تم ف۹ ان پر گزرتے ہو صبح کو

۴ ع ۲۵ ۸ وَبِاللَّيْلِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿۱۳۸﴾ وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۳۹﴾ إِذْ أَبَقَ

اور رات میں ف۱۰ تو کیا تمھیں عقل نہیں ف۱۱ اور بے شک یونس پیغمبروں سے ہے جبکہ بھری

إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ

کشتی کی طرف نکل گیا ف۱۲ تو قرعہ ڈالا تو ڈھکیلے ہوؤں میں ہوا پھر اُسے مچھلی نے

الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِي

نگل لیا اور وہ اپنے آپکو ملامت کرتا تھا ف۱۳ تو اگر وہ تسبیح کرنے والا نہ ہوتا ف۱۴ ضرور اس کے

النصف بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَ

پیٹ میں رہتا جس دن تک لوگ اُٹھائے جائیں گے ف۱۵ پھر ہم نے اُسے ف۱۶ میدان پر ڈالدیا اور وہ بیمار تھا ف۱۷ اور



https://alislami.net

أَنۢبَتۡنَا عَلَيۡهِ شَجَرَةٗ مِّن يَقۡطِينٖ ۱۴۶ وَأَرۡسَلۡنَٰهُ إِلَىٰ مِاْئَةِ أَلۡفٍ أَوۡ

ہم نے اس پر ف کدو کا پیڑ اگایا ف۲ اور ہم نے اسے ف۳ لاکھ آدمیوں کی طرف بھیجا بلکہ

يَزِيدُونَ ۱۴۷ فَـَٔامَنُواْ فَمَتَّعۡنَٰهُمۡ إِلَىٰ حِينٖ ۱۴۸ فَٱسۡتَفۡتِهِمۡ أَلِرَبِّكَ ٱلۡبَنَاتُ وَ

زیادہ تو وہ ایمان لے آئے ف۴ تو ہم نے انہیں ایک وقت تک برتنے دیا ف۵ تو ان سے پوچھو کیا تمہارے رب کیلئے بیٹیاں ہیں

لَهُمُ ٱلۡبَنُونَ ۱۴۹ أَمۡ خَلَقۡنَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ إِنَٰثٗا وَهُمۡ شَٰهِدُونَ ۱۵۰ أَلَآ إِنَّهُم

ف۶ اور ان کے بیٹے ف۷ یا ہم نے ملائکہ کو عورتیں پیدا کیا اور وہ حاضر تھے ف۸ سنتے ہو بیشک

مِّنۡ إِفۡكِهِمۡ لَيَقُولُونَ ۱۵۱ وَلَدَ ٱللَّهُ وَإِنَّهُمۡ لَكَٰذِبُونَ ۱۵۲ أَصۡطَفَى ٱلۡبَنَاتِ

وہ اپنے بہتان سے کہتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے اور بیشک وہ ضرور جھوٹے ہیں کیا اس نے بیٹیاں پسند کیں

عَلَى ٱلۡبَنِينَ ۱۵۳ مَا لَكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُونَ ۱۵۴ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۱۵۵ أَمۡ لَكُمۡ

بیٹے چھوڑ کر تمہیں کیا ہے کیسا حکم لگاتے ہو ف۹ تو کیا دھیان نہیں کرتے ف۱۰ یا تمہارے لیے

سُلۡطَٰنٞ مُّبِينٞ ۱۵۶ فَأۡتُواْ بِكِتَٰبِكُمۡ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ۱۵۷ وَجَعَلُواْ

کوئی کھلی سند ہے تو اپنی کتاب لاؤ ف۱۱ اگر تم سچے ہو اور اس میں

بَيۡنَهُۥ وَبَيۡنَ ٱلۡجِنَّةِ نَسَبٗا وَلَقَدۡ عَلِمَتِ ٱلۡجِنَّةُ إِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُونَ ۱۵۸

اور جنوں میں رشتہ ٹھہرایا ف۱۲ اور بیشک جنوں کو معلوم ہے کہ وہ ف۱۳ ضرور حاضر لائے جائیں گے ف۱۴

سُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ۱۵۹ إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ۱۶۰ فَإِنَّكُمۡ وَ

پاکی ہے اللہ کو ان باتوں سے کہ یہ بتاتے ہیں مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے ف۱۵ تو تم اور جو کچھ تم

مَا تَعۡبُدُونَ ۱۶۱ مَآ أَنتُمۡ عَلَيۡهِ بِفَٰتِنِينَ ۱۶۲ إِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ ٱلۡجَحِيمِ ۱۶۳

اللہ کے سوا پوجتے ہو ف۱۶ تم اس کے خلاف کسی کو بہکانے والے نہیں ف۱۷ مگر اسے جو بھڑکتی آگ میں جانے والا ہے ف۱۸

وَمَا مِنَّآ إِلَّا لَهُۥ مَقَامٞ مَّعۡلُومٞ ۱۶۴ وَإِنَّا لَنَحۡنُ ٱلصَّآفُّونَ ۱۶۵ وَإِنَّا

اور فرشتے کہتے ہیں ہم میں ہر ایک کا ایک مقام معلوم ہے ف۱۹ اور بیشک ہم پر پھیلائے حکم کے منتظر ہیں اور بیشک

لَنَحۡنُ ٱلۡمُسَبِّحُونَ ۱۶۶ وَإِن كَانُواْ لَيَقُولُونَ ۱۶۷ لَوۡ أَنَّ عِندَنَا ذِكۡرٗا

ہم اس کی تسبیح کرنے والے ہیں اور بے شک وہ کہتے تھے ف۲۰ اگر ہمارے پاس اگلوں کی

مِّنَ ٱلۡأَوَّلِينَ ۱۶۸ لَكُنَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ۱۶۹ فَكَفَرُواْ بِهِۦ فَسَوۡفَ

کوئی نصیحت ہوتی ف۲۱ تو ضرور ہم اللہ کے چنے ہوئے بندے ہوتے ف۲۲ تو اس کے منکر ہوئے تو عنقریب



https://alislami.net

يَعْلَمُونَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧١﴾ إِنَّهُمْ لَهُمُ

جان لیں گے ف ۱ اور بیشک ہمارا کلام گزر چکا ہے ہمارے بھیجے ہوئے بندوں کیلیے کہ بیشک انہیں کی

لَمَنْصُورُونَ ﴿١٧٢﴾ وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ

مدد ہوگی اور بیشک ہمارا ہی لشکر ف ۲ غالب آئیگا تو ایک وقت تم ان سے

حَتَّىٰ حِينٍ ﴿١٧٤﴾ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٥﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿١٧٦﴾

منہ پھیر لو ف ۳ اور انہیں دیکھتے رہو کہ عنقریب وہ دیکھیں گے ف ۴ تو کیا ہمارے عذاب کی جلدی کرتے ہیں

فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ

پھر جب اترے گا انکے آنگن میں تو ڈرائے گیوں کی کیا ہی بری صبح ہوگی اور ایک وقت تک ان سے

حِينٍ ﴿١٧٨﴾ وَأَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٩﴾ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

منہ پھیر لو اور انتظار کرو کہ وہ عنقریب دیکھیں گے۔ پاکی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو انکی باتوں سے

ع ٥ ٤٧ ٩ يَصِفُونَ ﴿١٨٠﴾ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ﴿١٨١﴾ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٨٢﴾

اور سلام ہے پیغمبروں پر ف ۵ اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہاں کا رب ہے ف ۶

## سُورَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَثَمَانُونَ آيَةً وَخَمْسُ رُكُوعَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورہ صٓ مکی ہے (اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ف ۷) اس میں ۸۸ آیتیں اور ۵ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿١﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَ

اس نامور قرآن کی قسم ف ۸ بلکہ کافر تکبر اور

شِقَاقٍ ﴿٢﴾ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَلَاتَ

خلاف میں ہیں ف ۹ ۱۰ ہم نے ان سے پہلے کتنی سنگتیں کھپائیں ف ۱۱ تو اب وہ پکاریں اور

حِينَ مَنَاصٍ ﴿٣﴾ وَعَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ وَقَالَ

اور چھوٹنے کا وقت نہ تھا ف ۱۲ اور انہیں اسکا اچنبھا ہوا کہ انکے پاس انہیں میں کا ایک ڈر سنانے والا تشریف لایا ف ۱۳ اور

الْكَافِرُونَ هَٰذَا سَاحِرٌ كَذَّابٌ ﴿٤﴾ أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا

کافر بولے یہ جادوگر ہے بڑا جھوٹا کیا اس نے بہت خداؤں کا ایک خدا کر دیا ف ۱۴

إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ﴿٥﴾ وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا

بےشک یہ عجیب بات ہے اور ان میں کے سردار چلے ف ۱۵ کہ اسکے پاس سے چل دو



https://alislami.net

وَاصْبِرُوْا عَلٰۤى اٰلِهَتِكُمْ ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ۝٦ مَا سَمِعْنَا

اور اپنے خداؤں پر صابر رہو بیشک اس میں اسکا کوئی مطلب ہے یہ تو ہم نے سب سے

بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۖۚ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَاُنْزِلَ

پچھلے دین (نصرانیت) میں بھی نہ سنی ف۱ یہ تو نری نئی گڑھت ہے کیا اُن پر

عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ

قرآن اُتارا گیا ہم سب میں سے ف۲ بلکہ وہ شک میں ہیں میری کتاب سے ف۳ بلکہ

لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ؕ ۝٨ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِیْزِ

ابھی میری مار نہیں چکھی ہے ف۴ کیا وہ تمہارے رب کی رحمت کے خزانچی ہیں ف۵ وہ عزت والا بہت عطا

الْوَهَّابِ ۝٩ۚ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا قف

فرمانے والا ہے ف۶ کیا اُنکے لیے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے

فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ

تو رسیاں لٹکا کر چڑھ نہ جائیں ف۷ یہ ایک ذلیل لشکر ہے اُنھیں لشکروں میں سے جو وہیں بھگا دیا جائے گا

الْاَحْزَابِ ۝١١ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو

ف۸ ان سے پہلے جھٹلا چکے ہیں نوح کی قوم اور عاد اور چومیخا کرنے والا فرعون

الْاَوْتَادِ ۝١٢ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔیْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ

ف۹ اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن والے ف۱۰ یہ ہیں

الْاَحْزَابُ ۝١٣ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝١٤ع وَمَا ع ۱۲ ۱۰

وہ گروہ ف۱۱ ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے رسولوں کو نہ جھٹلایا ہو تو میرا عذاب لازم ہوا ف۱۲ اور یہ

یَنْظُرُ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۝١٥ وَقَالُوْا

راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ کی ف۱۳ جسے کوئی پھیر نہیں سکتا اور بولے

رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ یَوْمِ الْحِسَابِ ۝١٦ اِصْبِرْ عَلٰى مَا

اے ہمارے رب ہمارا حصہ ہمیں جلد دیدے حساب کے دن سے پہلے ف۱۴ تم ان کی باتوں پر صبر کرو

یَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَیْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ۝١٧

اور ہمارے بندے داؤد نعمتوں والے کو یاد کرو ف۱۵ بیشک وہ بڑا رجوع کرنیوالا ہے ف۱۶



https://alislami.net

إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَ

بیشک ہم نے اسکے ساتھ پہاڑ مسخر فرمادیے کہ تسبیح کرتے ف۱ شام کو اور سورج چمکتے ف۲ اور

الطَّيْرَ مَحْشُورَةً ۖ كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ

پرندے جمع کیے ہوئے ف۳ سب اسکے فرمانبردار تھے ف۴ اور ہم نے اسکی سلطنت کو مضبوط کیا ف۵ اور اسے

وقف لازم

الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا

حکمت ف۶ اور قول فیصل دیا ف۷ اور کیا تمہیں ف۸ اس دعوے والوں کی بھی خبر آئی جب وہ دیوار کود کر داؤد کی

الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ إِذْ دَخَلُوا عَلَىٰ دَاوُودَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ ۖ قَالُوا لَا تَخَفْ ۖ

مسجد میں آئے ف۹ جب وہ داؤد پر داخل ہوئے تو وہ ان سے گھبرا گیا انہوں نے عرض کی ڈریے نہیں ہم دو فریق ہیں

خَصْمَانِ بَغَىٰ بَعْضُنَا عَلَىٰ بَعْضٍ فَاحْكُم بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَ

کہ ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے ف۱۰ تو ہم میں سچا فیصلہ فرمادیجیے اور خلاف حق نہ کیجیے ف۱۱

اهْدِنَا إِلَىٰ سَوَاءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ إِنَّ هَٰذَا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً

اور ہمیں سیدھی راہ بتایے بیشک یہ میرا بھائی ہے ف۱۲ اسکے پاس ننانوے دنبیاں ہیں

وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ

اور میرے پاس ایک دنبی اب یہ کہتا ہے وہ بھی مجھے حوالے کردے اور بات میں مجھ پر زور ڈالتا ہے داؤد نے فرمایا

لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ

بیشک یہ تجھ پر زیادتی کرتا ہے کہ تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کو مانگتا ہے اور بیشک اکثر ساجھے والے

لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ

ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور وہ بہت تھوڑے ہیں

سجدہ

مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ ﴿۲۴﴾

ف۱۳ اب داؤد سمجھا کہ ہم نے یہ اس کی جانچ کی تھی ف۱۴ تو اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدے میں گر پڑا ف۱۵ اور رجوع

فَغَفَرْنَا لَهُ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ﴿۲۵﴾ يَا دَاوُودُ

لایا تو ہم نے اسے یہ معاف فرمایا اور بیشک اسکے لیے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور اچھا ٹھکانا ہے اے داؤد

إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَ

بیشک ہم نے تجھے زمین میں نائب کیا ف۱۶ تو لوگوں میں سچا حکم کر اور



https://alislami.net

لَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ

خواہش کے پیچھے نہ جانا کہ تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دے گی بیشک وہ جو

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۲۶ ع ۱۲ ۲

اللہ کی راہ سے بہکتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اس پر کہ وہ حساب کے دن کو بھول بیٹھے ف۱

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ

اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بیکار نہ بنائے یہ

ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ؕ ۲۷

کافروں کا گمان ہے ف۲ تو کافروں کی خرابی ہے آگ سے

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى

کیا ہم انہیں جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان جیسا کردیں جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں

الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ۲۸ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ

یا ہم پرہیزگاروں کو شریر بے حکموں کے برابر ٹھہرا دیں ف۳ یہ ایک کتاب ہے کہ ہم نے تمہاری طرف اُتاری

مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۲۹ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ

ف۴ برکت والی تاکہ اس کی آیتوں کو سوچیں اور عقلمند نصیحت مانیں اور ہم نے داؤد کو ف۵

سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ؕ ۳۰ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

سلیمان عطا فرمایا کیا اچھا بندہ بیشک وہ بہت رجوع لانے والا ف۶ جبکہ اس پر پیش کیے گئے تیسرے پہر کو ف۷ کہ روکیے تو تین پاؤں پر کھڑے ہوں

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۳۱ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ

چوتھے سم کا کنارہ زمین پر لگائے ہوئے اور چلائیے تو ہوا ہو جائیں ف۸ تو سلیمان نے کہا مجھے ان گھوڑوں کی محبت پسند آئی ہے اپنے رب کی یاد کے لیے

رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۳۲ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ مَسْحًا

ف۹ پھر انہیں چلانے کا حکم دیا یہاں تک کہ نگاہ سے پردے میں چھپ گئے ف۱۰ پھر حکم دیا کہ انہیں میرے پاس واپس لاؤ تو ان کی

بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۳۳ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ

پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگا ف۱۱ اور بیشک ہم نے سلیمان کو جانچا ف۱۲ اور اس کے تخت پر ایک بیجان بدن ڈال دیا

جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۳۴ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ

ف۱۳ پھر رجوع لایا ف۱۴ عرض کی اے میرے رب مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا کر کہ میرے بعد



https://alislami.net

لِاَحَدٍ مِّنۢ بَعۡدِيۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرۡنَا لَهُ الرِّيۡحَ تَجۡرِيۡ

کسی کو لائق نہ ہو ف۱ بیشک تو ہی ہے بڑی دین والا تو ہم نے ہوا اُس کے بس میں کر دی

بِاَمۡرِهٖ رُخَآءً حَيۡثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيۡنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾

کہ اُسکے حکم سے نرم نرم چلتی ف۲ جہاں وہ چاہتا اور دیو بس میں کر دیے ہر معمار ف۳ اور غوطہ خور ف۴

وَّاٰخَرِيۡنَ مُقَرَّنِيۡنَ فِي الۡاَصۡفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامۡنُنۡ اَوۡ اَمۡسِكۡ

اور دوسرے اور بیڑیوں میں جکڑے ہوئے ف۵ یہ ہماری عطا ہے اب تو چاہے تو احسان کر ف۶ یا روک رکھ

ع ۳ ۱۴ ۱۲

بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ ع وَاذۡكُرۡ

ف۷ تجھ پر کچھ حساب نہیں اور بیشک اسکے لیے ہماری بارگاہ میں ضرور قرب اور اچھا ٹھکانا ہے اور یاد کرو

عَبۡدَنَاۤ اَيُّوۡبَ ۘ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيۡ مَسَّنِيَ الشَّيۡطٰنُ بِنُصۡبٍ وَّ

ہمارے بندہ ایوب کو جب اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے تکلیف اور ایذا لگا دی ف۸

عَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرۡكُضۡ بِرِجۡلِكَ ۚ هٰذَا مُغۡتَسَلٌ ۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبۡنَا

ہم نے فرمایا زمین پر اپنا پاؤں مار ف۹ یہ ہے ٹھنڈا چشمہ نہانے اور پینے کو ف۱۰ اور ہم نے اُسے

لَهٗۤ اَهۡلَهٗ وَمِثۡلَهُمۡ مَّعَهُمۡ رَحۡمَةً مِّنَّا وَذِكۡرٰى لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿۴۳﴾

اُسکے گھر والے اور اُنکے برابر اور عطا فرما دیے اپنی رحمت کرنے ف۱۱ اور عقلمندوں کی نصیحت کو

وَخُذۡ بِيَدِكَ ضِغۡثًا فَاضۡرِبۡ بِّهٖ وَلَا تَحۡنَثۡ ؕ اِنَّا وَجَدۡنٰهُ صَابِرًا ؕ

اور فرمایا کہ اپنے ہاتھ میں ایک جھاڑو لیکر اُس سے مار دے ف۱۲ اور قسم نہ توڑ بیشک ہم نے اُسے صابر پایا

نِعۡمَ الۡعَبۡدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذۡكُرۡ عِبٰدَنَاۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡحٰقَ وَ

کیا اچھا بندہ ف۱۳ بیشک وہ بہت رجوع لانیوالا ہے اور یاد کرو ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور

يَعۡقُوۡبَ اُولِى الۡاَيۡدِيۡ وَالۡاَبۡصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّاۤ اَخۡلَصۡنٰهُمۡ بِخَالِصَةٍ

یعقوب قدرت اور علم والوں کو ف۱۴ بیشک ہم نے اُنھیں ایک کھری بات سے امتیاز بخشا

ذِكۡرَى الدَّارِ ۚ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمۡ عِنۡدَنَا لَمِنَ الۡمُصۡطَفَيۡنَ الۡاَخۡيَارِ ﴿۴۷﴾

کہ وہ اس گھر کی یاد ہے ف۱۵ اور بے شک وہ ہمارے نزدیک چنے ہوئے پسندیدہ ہیں

وَاذۡكُرۡ اِسۡمٰعِيۡلَ وَالۡيَسَعَ وَذَا الۡكِفۡلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الۡاَخۡيَارِ ﴿۴۸﴾

اور یاد کرو اسمٰعیل اور یسع اور ذوالکفل کو ف۱۶ اور سب اچھے ہیں



https://alislami.net

هٰذَا ذِكْرٌ ۗ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً

یہ نصیحت ہے اور بیشک ف پرہیزگاروں کا ٹھکانا بھلا بسنے کے باغ انکے ہے سب دروازے

لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ

کھلے ہوئے اُن میں تکیہ لگائے ف۲ اُن میں بہت سے میوے اور شراب

وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

مانگتے ہیں اور اُنکے پاس وہ بیبیاں ہیں کہ اپنے شوہر کے سوا اور کی طرف آنکھ نہیں اُٹھاتیں ایک عمر کی ف۳ یہ ہے وہ جسکا

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ۗ وَاِنَّ الثلثة

تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے حساب کے دن بیشک یہ ہمارا رزق ہے کہ کبھی ختم نہ ہوگا ف۴ انکو تو یہ ہے ف۵ اور بیشک

لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾

سرکشوں کا برا ٹھکانا جہنم کہ اس میں جائیں گے تو کیا ہی برا بچھونا ف۶

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾

انکو یہ ہے تو اُسے چکھیں کھولتا پانی اور پیپ ف۷ اور اسی شکل کے اور جوڑے ف۸

هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۗ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا

اُنسے کہا جائیگا یہ ایک اور فوج تمہارے ساتھ دھنسی پڑتی ہے جو تمہاری تھی ف۹ وہ کہیں گے انکو کھلی جگہ نہ ملیو آگ میں تو انکو جانا ہی ہے وہاں بھی تنگ جگہ میں رہیں

بَلْ اَنْتُمْ ۫ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۗ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾

تابع بولے بلکہ تمہیں کھلی جگہ نہ ملیو یہ مصیبت تم ہمارے آگے لائے ف۱۰ تو کیا ہی برا ٹھکانا ف۱۱

قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾ وَ

وہ بولے اے ہمارے رب جو یہ مصیبت ہمارے آگے لایا اُسے آگ میں دونا عذاب بڑھا دو

قَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾

ف۱۲ بولے ہمیں کیا ہوا ہم ان مردوں کو نہیں دیکھتے جنہیں برا سمجھتے تھے ف۱۳

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ

کیا ہم نے اُنہیں ہنسی بنا لیا ف۱۴ یا آنکھیں انکی طرف سے پھر گئیں قف ف۱۵ بیشک یہ ضرور حق ہے

تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ع ۴ ۲۲۷ ۱۳

دوزخیوں کا باہم جھگڑا تم فرماؤ ف۱۶ میں ڈر سنانے والا ہی ہوں ف۱۷ اور معبود کوئی نہیں مگر ایک اللہ



https://alislami.net

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ

سب پر غالب مالک آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے صاحب عزت

الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾ مَا

بڑا بخشنے والا تم فرما دو وہ ف۱ بڑی خبر ہے تم اُس سے غفلت میں ہو ف۲ مجھے

كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ

عالم بالا کی کیا خبر تھی جب وہ جھگڑتے تھے ف۳ مجھے تو یہی وحی ہوتی ہے کہ میں

اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌ

نہیں مگر روشن ڈر سنانے والا ف۴ جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں مٹی سے

بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا

انسان بناؤں گا ف۵ پھر جب میں اُسے ٹھیک بنالوں ف۶ اور اس میں اپنی طرف کی روح پھونکوں ف۷ تو تم

لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ

اس کے لیے سجدے میں گرنا تو سب فرشتوں نے سجدہ کیا ایک ایک نے کہ کوئی باقی نہ رہا مگر ابلیس نے ف۸

اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

اس نے غرور کیا اور وہ تھا ہی کافروں میں ف۹ فرمایا اے ابلیس تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اس کے لیے

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿٧٥﴾

سجدہ کرے جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا کیا تجھے غرور آگیا یا تو تھا ہی مغروروں میں ف۱۰

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿٧٦﴾

بولا میں اس سے بہتر ہوں ف۱۱ تو نے مجھے آگ سے بنایا اور اُسے مٹی سے پیدا کیا

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿٧٧﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ

فرمایا تو جنت سے نکل جا کہ تو راندا گیا ف۱۲ اور بیشک تجھ پر میری لعنت ہے

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾

قیامت تک ف۱۳ بولا اے میرے رب ایسا ہے تو مجھے مہلت دے اس دن تک کہ اٹھائے جائیں ف۱۴

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾

فرمایا تو تو مہلت والوں میں ہے اس جانے ہوئے وقت کے دن تک ف۱۵



https://alislami.net

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

بولا تیری عزت کی قسم ضرور میں ان سب کو گمراہ کر دونگا مگر جو ان میں تیرے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ؗ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾ لَاَمْلَئَنَّ

چنے ہوئے بندے ہیں فرمایا تو سچ یہ ہے اور میں سچ ہی فرماتا ہوں بیشک میں ضرور

جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ

جہنم بھر دونگا تجھ سے ف۱ اور ان میں سے ف۲ جتنے تیری پیروی کرینگے سب سے تم فرماؤ

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾ اِنْ هُوَ

میں اس قرآن پر تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا اور میں بناوٹ والوں میں نہیں وہ تو نہیں

اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع

مگر نصیحت سارے جہان کے لیے اور ضرور ایک وقت کے بعد تم اُس کی خبر جانو گے ف۳

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ زمر مکی ہے (اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ف۴) اس میں ۷۵ آیتیں اور ۸ رکوع ہیں۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

کتاب ف۵ اُتارنا ہے اللہ عزت و حکمت والے کی طرف سے بیشک ہم نے تمہاری طرف ف۶

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿٢﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ

یہ کتاب حق کے ساتھ اُتاری تو اللہ کو پوجو نرے اُس کے بندے ہو کر ہاں خالص اللہ ہی کی

الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا

بندگی ہے ف۷ اور وہ جنہوں نے اس کے سوا اور والی بنالیے ف۸ کہتے ہیں ہم تو انہیں ف۹ صرف

لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

اتنی بات کیلیے پوجتے ہیں کہ یہ ہمیں اللہ کے پاس نزدیک کر دیں اللہ ان میں فیصلہ کر دے گا اس بات کا جس میں

يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿٣﴾ لَوْ اَرَادَ

اختلاف کر رہے ہیں ف۱۰ بیشک اللہ راہ نہیں دیتا اُسے جو جھوٹا بڑا ناشکرا ہو ف۱۱

اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ

اللہ اپنے لیے بچہ بناتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا ف۱۲ پاکی ہے اُسے ف۱۳ وہی ہے

ع ٥ ٢٤٤ ١٤

وقف لازم



https://alislami.net

اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٤﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ

ایک اللہ ف۱ سب پر غالب اُس نے آسمان اور زمین حق بنائے

يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے ف۲ اور اس نے سورج

وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٥﴾

اور چاند کو کام میں لگایا ہر ایک ایک ٹھہرائی میعاد کے لیے چلتا ہے ف۳ سنتا ہے وہی صاحب عزت بخشنے والا ہے

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ

اس نے تمہیں ایک جان سے بنایا ف۴ پھر اسی سے اسکا جوڑا پیدا کیا ف۵ اور تمہارے لیے

الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۗ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْ بَعْدِ

چوپایوں میں سے ف۶ آٹھ جوڑے اُتارے ف۷ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ میں بناتا ہے ایک طرح کے بعد

خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۗ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

اور طرح ف۸ تین اندھیریوں میں ف۹ یہ ہے اللہ تمہارا رب اسی کی بادشاہی ہے اسکے سوا کسی کی بندگی نہیں

فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٦﴾ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى

پھر کہاں پھیرے جاتے ہو ف۱۰ اگر تم ناشکری کرو تو بیشک اللہ بے نیاز ہے تم سے ف۱۱ اور اپنے

لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

بندوں کی ناشکری اُسے پسند نہیں اور اگر شکر کرو تو اُسے تمہارے لیے پسند فرماتا ہے ف۱۲ اور کوئی بوجھ اُٹھانے والی جان

اُخْرٰى ۗ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۗ اِنَّهٗ

دوسری کا بوجھ نہیں اُٹھائے گی ف۱۳ پھر تمہیں اپنے رب ہی کی طرف پھرنا ہے ف۱۴ تو وہ تمہیں بتا دے گا جو تم کرتے تھے ف۱۵ بیشک

عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٧﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا

وہ دلوں کی بات جانتا ہے اور جب آدمی کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے ف۱۶ اپنے رب کو پکارتا ہے اسی طرف

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْۤا اِلَيْهِ مِنْ

جھکا ہوا ف۱۷ پھر جب اللہ نے اُسے اپنے پاس سے کوئی نعمت دی تو بھول جاتا ہے جس لیے پہلے پکارا تھا ف۱۸ اور

قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۗ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ

اللہ کے لیے برابر والے ٹھہرانے لگتا ہے ف۱۹ تاکہ اُسکی راہ سے بہکا دے تم فرماؤ ف۲۰ تھوڑے دن اپنے کفر کے ساتھ برت لے ف۲۱



https://alislami.net

قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ﴿٨﴾ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ

بے شک تو دوزخیوں میں ہے کیا وہ جسے فرمانبرداری میں رات کی گھڑیاں گزریں

سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ

سجود میں اور قیام میں ف۱ آخرت سے ڈرتا اور اپنے رب کی رحمت کی آس لگائے ف۲ کیا وہ

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا

نافرمانوں جیسا ہو جائے گا تم فرماؤ کیا برابر ہیں جاننے والے اور انجان نصیحت تو وہی مانتے ہیں جو

يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ ع ١ ٩ ١٥

عقل والے ہیں تم فرماؤ اے میرے بندو جو ایمان لائے اپنے رب سے ڈرو

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ

جنہوں نے بھلائی کی ف۳ اُن کے لیے اس دنیا میں بھلائی ہے ف۴ اور اللہ کی زمین وسیع ہے ف۵

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ

صابروں ہی کو ان کا ثواب بھرپور دیا جائے گا بے گنتی ف۶ تم فرماؤ ف۷ مجھے حکم ہے

أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ﴿١١﴾ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ

کہ اللہ کو پوجوں نرا اس کا بندہ ہو کر اور مجھے حکم ہے کہ میں سب سے

أَوَّلَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٢﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ

پہلے گردن رکھوں ف۸ تم فرماؤ بالفرض اگر مجھ سے نافرمانی ہو جائے تو مجھے بھی اپنے رب سے ایک بڑے دن کے عذاب کا

يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣﴾ قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَهُ دِينِي ﴿١٤﴾ فَاعْبُدُوا مَا

ڈر ہے ف۹ تم فرماؤ میں اللہ ہی کو پوجتا ہوں نرا اس کا بندہ ہو کر تو تم اس کے سوا

شِئْتُمْ مِنْ دُونِهِ ۗ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ وَ

جسے چاہو پوجو ف۱۰ تم فرماؤ پوری ہار انہیں جو اپنی جان اور

أَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا ذَٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ ﴿١٥﴾ لَهُمْ مِنْ

اپنے گھر والے قیامت کے دن ہار بیٹھے ف۱۱ ہاں ہاں یہی کھلی ہار ہے اُن کے اوپر

فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۚ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ

آگ کے پہاڑ ہیں اور اُن کے نیچے پہاڑ ف۱۲ اس سے اللہ ڈراتا ہے اپنے



https://alislami.net

عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ⑯ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ

بندوں کو ف اے میرے بندو تم مجھ سے ڈرو ف۲ اور وہ جو بتوں کی پوجا سے بچے

يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ⑰ الَّذِيْنَ

اور اللہ کی طرف رجوع ہوئے اُنھیں کیلئے خوشخبری ہے تو خوشی سناؤ میرے اُن بندوں کو جو کان لگا کر

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ

بات سنیں پھر اُس کے بہتر پر چلیں ف۳ یہ ہیں جنکو اللہ نے ہدایت فرمائی

اللّٰهُ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ⑱ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۭ

اور یہ ہیں جنکو عقل ہے ف۴ تو کیا وہ جس پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی نجات والوں کے برابر ہو جائیگا

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ⑲ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ

تو کیا تم ہدایت دیکر آگ کے مستحق کو بچا لوگے ف۵ لیکن جو اپنے رب سے ڈرے ف۶ اُنکے لیے بالا خانے ہیں اُن پر

فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ

بالا خانے بنے ف۷ اُنکے نیچے نہریں بہیں اللہ کا وعدہ اللہ وعدہ

اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ⑳ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ

خلاف نہیں کرتا کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا پھر اُس سے

فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

زمین میں چشمے بنائے پھر اُس سے کھیتی نکالتا ہے کئی رنگت کی ف۸ پھر سوکھ جاتی ہے تو تو دیکھے کہ وہ

ع ۲ ۱۲ ۱۶ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ㉑

ف۹ پیلی پڑ گئی پھر اُسے ریزہ ریزہ کر دیتا ہے بیشک اس میں دھیان کی بات ہے عقلمندوں کو ف۱۰

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰي نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ فَوَيْلٌ

تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ف۱۱ تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے ف۱۲ اُس جیسا

لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ㉒ اَللّٰهُ

ہو جائیگا جو سنگدل ہے تو خرابی ہے اُنکی جنکے دل یاد خدا کی طرف سے سخت ہوگئے ہیں ف۱۳ وہ کھلی گمراہی میں ہیں اللہ نے

نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ڰ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ

اُتاری سب سے اچھی کتاب ف۱۴ کہ اول سے آخر تک ایک سی ہے ف۱۵ دوہرے بیان والی ف۱۶



https://alislami.net

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ

اُس سے بال کھڑے ہوتے ہیں اُن کے بدن پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر اُن کی کھالیں اور دل نرم پڑتے ہیں یاد

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

خدا کی طرف رغبت میں ف۱ یہ اللہ کی ہدایت ہے راہ دکھائے اُس سے جسے چاہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی

مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ

راہ دکھانے والا نہیں تو کیا وہ جو قیامت کے دن بُرے عذاب کی ڈھال نہ پائیگا اپنے چہرے کے سوا ف۲ نجات والے کی طرح ہو جائیگا ف۳

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور ظالموں سے فرمایا جائے گا اپنا کمایا چکھو ف۴ ان سے اگلوں نے جھٹلایا ف۵

فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ

تو اُنھیں عذاب آیا جہاں سے اُنھیں خبر نہ تھی ف۶ اور اللہ نے اُنھیں

الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا وقف غفران

دنیا کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھایا ف۷ اور بیشک آخرت کا عذاب سب سے بڑا کیا اچھا تھا اگر وہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

جانتے ف۸ اور بیشک ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی کہاوت بیان فرمائی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ ۚ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ

کہ کسی طرح اُنھیں دھیان ہو ف۹ عربی زبان کا قرآن ف۱۰ جس میں اصلاً کجی نہیں ف۱۱

لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ

کہ کہیں وہ ڈریں ف۱۲ اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے ف۱۳ ایک غلام میں کئی بدخو آقا

مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ

شریک اور ایک نرے ایک مولیٰ کا کیا ان دونوں کا حال ایک سا ہے ف۱۴

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

سب خوبیاں اللہ کو ف۱۵ بلکہ اُن کے اکثر نہیں جانتے ف۱۶ بیشک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی

مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ز ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع ۳ ۱۰ ۱۷

مرنا ہے ف۱۷ پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے ف۱۸



https://alislami.net